# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 15 November 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۵؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ آدی واسی گورودن کی مناسبت سے ملک بھر میں متعدد تقاریب کا اہتمام

☆ ریاست کی ترقی کے لیے مہایوتی کو چُن کر دیں ' وزیر اعظم نریندر مودی کی اپیل

☆ مہاوِکاس آگھاڑی کو اقتدار ملتا ہے تو سویابین کی فصل 7 ؍ ہزار روپئے فی کوئنٹل کے بھاؤ سے خریدیں گے ' کانگریس پارٹی کا تیقن

☆ رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے انتظامیہ کی جانب سے مختلف سرگرمیوں کا اہتمام ' کئی علاقوں میں گھر میں ووٹ دینے کا عمل جاری

اور

☆ لڑکیوں کے ایشین ہاکی کپ میں بھارت کی متواتر تیسری فتح

اب خبریں تفصیل سے...

قبائیلی برادری کے قائد رہ چکے آنجہانی بھگوان بِرسامنڈا کا یومِ پیدائش آج آدیواسی گورودن کے طور پر منایا جا رہا ہے۔ اِسی مناسبت سے کل شام قوم سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے کہا کہ قومی روایات میں قبائیلی برادری کا تعاون بھی خاصہ اہمیت کا حامل ہے۔ انھوں نے کہا کہ قبائیلی برادری کی ترقی سے ملک کی ترقی ہوگی۔ انھوں نے بتایا کہ قبائلی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے مختلف اسکیمات چلائی جا رہی ہیں۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ملک کی جدوجہد آزادی میں قبائیلی برادری کا تعاون بھی قابل ستائش ہے۔ انھوں نے کہا آزادی کے لیے بھگوان بِرسامُنڈا کی قیادت میں کی گئی جدوجہد آنے والے دور میں بھی حوصلہ افزائی کا باعث ہوگی۔

آدیواسی گورو دن کی مناسبت سے آج بہار میں خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی بھی اِس میں شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

سِکھ مت کے بانی ، پہلے گرو گرو نانک کی 555/ویں جینتی آج منائی جارہی ہے۔ اِس خصوص میں ناندیڑ کے شری سچ کھنڈ گرودوارا سمیت متعدد گرودواروں میں بھجن کیرتین تقاریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جل یُکت شیوار منصوبے کے سبب مراٹھواڑے میں پانی کی قلت دور ہوئی ہے۔ وہ کل چکل تھانہ میں منعقدہ جلسہ عام میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ یہ جلسہ چھترپتی سنبھاجی نگر اور جالنہ ضلعے سے مہا یوتی کے امیدواروں کی تشہیر کے لیے منعقد کیا گیا تھا۔ اِس موقعے انھوں نے بتایا کہ مراٹھواڑے میں پانی کی قلت دور کرنے کے لیے مہا یوتی حکومت ٹھوس منصوبے بنارہی ہے۔

انھوں نے کہا...

**مراٹھواڑہ میں لمبے سمئے سے پانی کا سنکٹ رہا ہے۔لیکن کانگریس اور آگھاڑی والے ہمیشہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہے۔ ہماری سرکار نے پہلی بار سوکھے کے خلاف ٹھوس پریاس شروع کیے۔ مہا یوتی کی سرکار نے وئے تارنا اور اُلہاس سب بیسن سے پانی مراٹھواڑا تک پہنچانے کا فیصلہ لیا ہے۔**

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ اگر مہا یوتی کی حکومت قائم ہوتی ہے تو اگلے 5/برسوں میں مہاراشٹر کی ترقی کو نئی جہت عطا کرے گی۔ اپنی تقریر میں انھوں نے مہا یوتی حکومت کی جانب سے چلائی جارہی متعدد اسکیمات کا جائزہ پیش کیا۔

اِس جلسے میں شیوسینا کے سرکردہ رہنما وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے ، رپبلیکن پارٹی کے سربراہ رام داس آٹھولے اور مہا یوتی میں شامل دیگر جماعتوں کے رہنما اور امیدوار بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

اگر مہاوِکاس آگھاڑی کی حکومت قائم ہوتی ہےتو سویابین کی فصل 7/ہزار روپئے فی کوئنٹل کے بھاؤ سے خریدے گی۔کانگریس پارٹی کے سربراہ ملک ارجُن کھرگے نے یہ اعلان کیا ہے۔وہ کل پونا میں صحافیوں سے اظہارخیال کررہے تھے۔اِس موقعے پر انھوں نے مزید بتایا کہ پیاز کی قیمتوں سے متعلق بھی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے رہنما راہل گاندھی نے کل ناندیڑ اور نندوربار میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔اپنی تقاریر میں انھوں نے کہا کہ ریاست میں اگر مہاوِکاس آگھاڑی کی حکومت قائم ہوتی ہےتو خواتین اور کاشتکاروں کے مفاد کوترجیح دی جائے گی۔اِس کے علاوہ انھوں نے کاشتکاروں کے 3/لاکھ روپئے تک کے قرض معاف کرنے سمیت کئی اعلانات کیے۔

انھوں نے کہا...

**’’ جب آپ دھان، سویابین، کپاس بیچیں گے تو آپ کوصحیح دام منی مم سپورٹ پرائز کانگریس پارٹی کی اِنڈیا گٹھ بندھن کی سرکار دے گی۔‘‘**

***** ***** *****

سامعین، ریاستی اسمبلی انتخاب کے خصوص میں آکاشوانی سے ہرشام 7/بج کر 10/منٹ پرنشر کیے جارہے پروگرام ’’ آڈھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھاچا ‘‘ میں آج ساتارضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے مقصد سے مراٹھواڑے کے کئی حصوں میں کل ریلیوں سمیت کئی سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔اِسی سلسلے میں چھترپتی سنبھاجی نگر کے اورنگ آباد- مغرب حلقہ انتخاب میں میراتھان ریلی کا اہتمام کیا گیا تھا۔اِس میں ضلع کلکٹر نیز ضلع چُناؤ افسر دلیپ سوامی بھی شریک ہوئے تھے۔ اِس ریلی کے شرکاء نے ’’ رائے دہندگان بیدار رہو جمہوریت کا دھاگا ہو ‘‘ ’’میرا ووٹ میرا فخر ‘‘ اور ’’ آپ کا انمول ووٹ کرے جمہوریت کومضبوط ‘‘ کے نعرے لگائے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے انتظامیہ کی جانب سے '' رن فار ووٹ '' کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اِس میں دھاراشیو شہر کے سبھی اسکولوں کے طلباء و طالبات نے کثیر تعداد میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع میں بھی ووٹروس کی حوصلہ افزائی کے مقصد سے کل دو پہیہ گاڑیوں کی ریلی نکالی گئی تھی۔ اِس موقعے پر ضلع کلکٹر نیز ضلع چُناؤ افسر ابھینئو گوئل نے ضلع میں رائے دہی کا تناسب 75 رفیصد سے بھی زیادہ بڑھانے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

پربھنی شہر میں کل شنی وار بازار سے راج گوپال چاری گارڈن تک '' رن فار ووٹ '' دوڑ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڈے، پولس افسران اور چُناوی افسران نے اِس دوڑ کو ہری جھنڈی دکھائی تھی۔ اِس سے قبل ضلع کلکٹر نے حاضرین کو رائے دہی کا حلف بھی دلایا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کلکٹر نیز ضلع چُناؤ افسر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ اور پولس سپرنٹنڈنٹ اجئے کمار بنسل نے کل بھوکردن اسمبلی حلقے میں رائے دہی مراکز اور رائے شماری مراکز کا دورہ کیا۔ اِس دوران جناب پانچاڑ نے بھوکردن نگر پریشد کے ہال میں قائم کیے گئے رائے شماری مرکز پہنچ کر ووٹنگ مشینوں کی تیاری کے دوران امیدوار کے نام کی جانچ کرنے کے لیے ایک مشین پر '' ماک پول '' کر کے وی وی پیٹ کے ذریعے ظاہر کی جارہی پرچی کی بھی تسلی کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے کنڑ اسمبلی حلقہ میں گھر میں ووٹ دینے کی سہولت پر عمل درآمد جاری ہے۔ کل کنڑ شہر کے شانتی نگر علاقے میں رہنے والی 86 رسالہ ضعیفہ شکُنتلا انوڈے نے گھر پر ہی اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ اِس موقعے پر ضلع کلکٹر دلیپ سوامی بھی اُن کے گھر میں موجود تھے۔

***** ***** *****

پربھنی میں بھی معذور  اور  بزرگ رائے دہندگان کے لیے گھر میں ووٹ دینے کا عمل جاری ہے۔کل اِس عمل میں ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڈے بھی متعلقہ عملے کے ساتھ تھے۔

***** ***** *****

بہار میں کھیلے جارہے  لڑکیوں کے ایشین ہاکی کپ میں کل بھارت نے تھائی لینڈ کو  13- 0/ سے شکست دی۔ بھارتی کھلاڑی دیپکا نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے  5/گول کیے۔اِسی طرح  پریتی دوبے '  لال ریم سیامی  اور  منیشا چوہان نے  فی کس 2 - 2/ گول کیے ۔اِس ٹورنامنٹ میں یہ بھارت کی متواتر تیسری جیت ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے کے نلنگا اسمبلی حلقہ میں بھی کل سے گھر میں ووٹ دینے کی عمل شروع ہوا ۔ اِس موقعے پر عام انتخابات کے نگراں افسر لکشمی کانت  پردھان نے  موقعے پر پہنچ کر کام کاج کا جائزہ لیا۔اِس کے علاوہ انھوں نے  ضلعے کے  آئی  ٹی   آئی  میں قائم کیے گئے محفوظ کمرے کا بھی جائزہ لیا۔

***** ***** *****

پیٹھن کے جائیکواڑی ڈیم سے پانی کا اخراج  روک دیا گیا ہے۔  خیال رہے کہ گزشتہ  24 /ستمبر سے ڈیم سے گودا وری ندی میں پانی چھوڑا جا رہا تھا۔ ڈیم انتظامیہ سے موصولہ تفصیلات کے مطابق اِس موسم باراں میں ڈیم میں 3 / ہزار 145 / میلین مکعب میٹر پانی ذخیرہ ہوا ہے۔ جبکہ ڈیم سے863 /میلین مکعب میٹر پانی گوداوری ندی میں چھوڑا گیا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ آدی واسی گورو دِن کی مناسبت سے ملک بھر میں متعدد تقاریب کا اہتمام

☆ ریاست کی ترقی کے لیے مہایوتی کو چُن کر دیں ' وزیر اعظم نریندر مودی کی اپیل

☆ مہا وِکاس آگھاڑی کو اقتدار ملتا ہے تو سویا بین کی فصل 7 / ہزار روپئے فی کوئنٹل کے بھاؤ سے خریدیں گے ' کانگریس پارٹی کا تیقن

☆ رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے انتظامیہ کی جانب سے مختلف سرگرمیوں کا اہتمام ' کئی علاقوں میں گھر میں ووٹ دینے کا عمل جاری

اور

☆ لڑکیوں کے ایشین ہاکی کپ میں بھارت کی متواتر تیسری فتح

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆